Jubilee
LIFE INSURANCE



# SECURE SARMAYA PLAN

## سیکیور سرمایہ پلان

آج کے مقابلے کے دور میں ایسا لگتا ہے کہ سرمایہ کاری میں آہستہ آہستہ کمی ہورہی ہے۔ یہ امر شدید تشویش کا باعث ہے کہ بچت اکاؤنٹس اور سرکاری سیکیورٹیز کی شرح سود میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے اور مستحکم سرمایہ کاری کے مواقع بہت محدود ہوگئے ہیں۔

سرمایہ کاروں کی ایک بڑی تعداد نے افراط زر کی شرح میں اضافے اور سرمایہ کی ترقی کے لئے ایک حل دریافت کیا ہے۔ اب یہ ضروری ہے کہ سرمایہ کاری اور نظم و نسق کے بڑے حصے کی سرمایہ کاری حصص، سرکاری سیکیورٹیز، فکسڈ انکم سیکیورٹیز، TFC وغیرہ میں کی جائے، تاہم مالیاتی دنیا کے تیزی سے بدلتے حالات کی بنا پر عام آدمی کے لئے یہ بہت مشکل ہے کہ سرمایہ کاری کے انتظام کے بارے میں اپ ڈیٹ رہا جائے۔

اگر آپ پیشہ ور، تنخواہ دار ملازم، کاروباری یا ریٹائرڈ شخص ہیں جو وقت اور مہارت نہ ہونے کی وجہ سے اسٹاک مارکیٹ یا فکسڈ انکم سیکیورٹیز کے منافع پر نظر نہیں رکھ سکتے یا وہ جو باقاعدگی سے پرکشش انعامات کے لئے لاٹری میں حصہ لیتے ہیں پر جیت نہیں پاتے، تو جوبلی لائف آپ کے مسائل کے مثالی حل کے لئے سیکیور سرمایہ پلان پیش کرتا ہے۔

جوبلی لائف کا یہ منصوبہ آسانی اور مہارت کے ساتھ سرمایہ کاری تک آپ کو رسائی فراہم کرتا ہے۔ منصوبہ میں مفت لائف انشورنس اور حادثاتی موت کا کوریج بھی شامل ہے۔

## سیکیور سرمایہ پلان کیا ہے؟

سیکیور سرمایہ پلان ایک جدید یونٹ لنکڈ پراڈکٹ ہے۔ یہ موقع فراہم کرتا ہے کہ آپ جوبلی لائف کے زیرانتظام سرمایہ کاری میں اپنا فنڈ لگائیں اور ایک ہی وقت میں مفت لائف اور حادثاتی موت کے انشورنس کوریج کو حاصل کرسکیں اگر خدانخواستہ پلان کی مدّت کے دوران بیمہ لینے والے کی ناگہانی موت واقع ہو

جائے۔ چونکہ یہ مدت کا تعین کئے بغیر پوری زندگی کا منصوبہ ہے۔ تو اب آپ جب تک چاہیں منصوبہ کے فوائد حاصل کرسکتے ہیں۔

## اس پلان کے فوائد کیا ہیں؟

سیکیور سرمایہ پلان کے تحت آپ کو سیونگز اور پروٹیکشن کے درج ذیل فوائد حاصل ہیں:

- **ڈیتھ بینیفٹ**

سیکیور سرمایہ پلان آپ کو تحفظ، زندگی کا دفاع فراہم کرتا ہے، اس بات کو یقینی رکھتے ہوئے کہ آپ کے سرمایہ پر نفع بھی بہترین رہے۔ اگر بیمہ دار پلان کی مدت کے دوران انتقال کرجائے تو اس کے ورثاء سم ایشورڈ یا پھر کیش ویلیو (جو بھی زیادہ ہو) کے حقدار ہوں گے۔

- **میچورٹی بینیفٹ**

پلان کی مدت کے اختتام پر پالیسی کے حامل فرد کو مجموعی کیش ویلیو (Accumulated CashValue) حاصل ہوتی ہے۔

## یہ کس طرح کام کرتا ہے؟

اس منصوبہ کے تحت، بیمہ دار پالیسی کی خریداری کے لئے ایک پریمیئم ادا کرے گا۔ آپ کے پریمیئم سے جوبلی لائف کے فنڈز میں آپ کی پسند کے مطابق سرمایہ کاری کی جائے گی۔

## کون اس پلان کے لئے اہل ہے اور اِس کے لئے دستیاب عمر کی حد کیا ہے؟

18 سے 65 سال کی عمر کے درمیاں کوئی بھی شخص سیکیور سرمایہ پلان لے سکتا ہے۔ پلان کی میعاد 10 سے لے کر 57 سال تک ہے۔ (75 سال کی عمر تک میچورٹی سے مشروط)

## اس پلان کے لئے کم از کم اور زیادہ سے زیادہ پریمیم کیا ہے؟

اس پلان کے لئے کم از کم سنگل پریمیم 100,000 روپے اور زیادہ سے زیادہ 10,000,000 روپے ہیں۔

## فنڈز مینجمنٹ:

آپ کی پسند کے مطابق فنڈز میں ادا کردہ پریمیئم کی سرمایہ کاری کی جائے گی اور فنڈز کے یونٹ کی قیمت کے لحاظ سے یونٹ مختص کیے جائیں گے۔ آپ کی پالیسی کی ویلیو آپ کے فنڈز میں یونٹس کی کل قیمت ہوگی۔

یہ فنڈز سرمایہ کاری کے ماہر مینجرز کی نگرانی میں ہوتے ہیں جو اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ درمیانی سے طویل مدت کی سرمایہ کاری میں کم سے کم خطرات ہوں اور واپسی کی شرح بھی مناسب ہو۔

## سرمایہ کاری کے آپشنز:

جوبلی لائف انشورنس اس وقت آپ کو مندرجہ ذیل فنڈز میں سے کسی ایک کا انتخاب پیش کرتی ہے۔ آپ کسی ایک فنڈ کا انتخاب کرکے اُس میں ضروریات کے مطابق مکمل سرمایہ کاری کرسکتے ہیں یا دستیاب آپشنز میں اپنے پریمیئم کو تقسیم کرسکتے ہیں۔

- **مینجڈ فنڈ:**

اس فنڈ کا مقصد حصص، حکومتی اور دیگر فکسڈ انکم سیکیورٹیز اور کیش ڈپازٹس میں متوازن سرمایہ کاری کے ذریعے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ بڑھانا ہے۔

- **یقین گروتھ فنڈ:**

اس فنڈ کا مقصد ان سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرنا ہے جو مارکیٹ کے اُتار چڑھاؤ سے کم سے کم متاثر ہونے والی اعلیٰ سطح کی لیکوئڈ سرمایہ کاری سے زیادہ سے زیادہ منافع حاصل کرنا چاہتے ہوں۔

- **میثاق فنڈ:**

اس فنڈ کا مقصد سرمایہ کاروں کو بلاسود سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ میثاق فنڈز کی سرمایہ کاری منتخب اسٹاکس، سکوک بانڈز، اسلامک بینک کے مختصر معیاد کے ڈپازٹس، اسلامک میوچل فنڈز، اسلامک بینک کے فکسڈ انکم فنڈز اور دیگر کارآمد بلاسود سرمایہ کاری کے شعبوں میں کی جاتی ہے۔

- **کیپٹل گروتھ فنڈ:**

اس فنڈ کا مقصد پالیسی ہولڈرز کے لئے زیادہ سے زیادہ منافع کا حصول ہے جس

کے لئے شیئرز اور فکسڈ انکم سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔

## آپ کی سرمایہ کاری کا لچکدار انتظام:

ہم آپ کو آپ کی سرمایہ کاری کے لئے لچکدار انتظام کاری کی سہولت پیش کرتے ہیں۔ آپ اپنا پریمیئم دستیاب فنڈز میں سے کسی ایک فنڈ میں یا مختلف فنڈز میں تقسیم کر کے مختص کر سکتے ہیں۔ بعدازاں فنڈز کی کارکردگی کی بنیاد پر آپ دیگر فنڈز میں سوئچ کر سکتے ہیں۔ ہم آپ کو ہر پالیسی سال کے دوران چار مفت سوئچ کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔ پانچویں سوئچ کرنے پر آپ کو ادائیگی کرنی ہوگی جو پانچویں سوئچ کرنے سے پہلے آپ کی کیش ویلیو / یونٹ اکاؤنٹ سے منہا کردی جائے گی۔

## مجھے اپنی سرمایہ کاری کی کارکردگی کا کس طرح پتہ چلے گا؟

آپ کی رقم کو فنڈز کے یونٹس میں تبدیل کیا جائے گا ان یونٹس کی بڈ / آفر پرائس ملک بھر سے جاری ہونے والے روزانہ کے اخبارات میں باقاعدگی سے شائع ہوں گے۔ یہ ایک آسان طریقہ ہے جس سے آپ کو فنڈ کی کارکردگی کا علم ہو سکے گا۔

## کیا مجھے منافع کی کوئی ضمانت ہے؟

نہیں، منافع میں اُتار چڑھاؤ، سرمایہ کاری کی کارکردگی کی بنیاد پر منحصر ہے۔ تاہم معاشی پیمانے پر سرمایہ کاری کے ذریعے آپ اس تحفظ سے بھی لطف اندوز ہو سکتے ہیں جو انفرادی سرمایہ کاری سے حاصل نہیں ہو سکتے۔

## مجھے مزید سرمایہ کاری کرنے کے لئے کیا کرنا ہوگا؟

پالیسی ہولڈر کسی بھی وقت اضافی سرمایہ کاری کر سکتا ہے۔ یہ ایڈ ہاک پریمیئم تصور کیا جائے گا اور آپ کی پسند کے فنڈز میں عام پیش کردہ قیمت پر سرمایہ کاری کی جائے گی۔

## ہنگامی ضرورت کے لئے رقم کس طرح نکلوائی جائے گی؟

بہت سی دوسری فکسڈ سرمایہ کاری کے برعکس، سیکیور سرمایہ پلان آپ کو رقم نکالنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

### جزوی دستبرداری:

اگر آپ کسی ہنگامی صورتحال سے نبرد آزما ہونے کی وجہ سے رقم نکلوانا چاہتے ہیں مگر پالیسی سے دستبردار نہیں ہونا چاہتے تو آپ جتنی رقم چاہیں نکلوا سکتے ہیں (ابتدائی سرنڈر پنالٹی کے بغیر) بشرطیکہ دستبرداری کے بعد پالیسی کی باقی ماندہ کیش ویلیو، کمپنی کی جانب سے مقررہ کم از کم باقی رقم کے مساوی ہو۔ سم ایشورڈ میں دستبرداری کی رقم جتنی کٹوتی کی جائے گی۔

### مکمل دستبرداری:

آپ کے پاس یہ سہولت ہے کہ آپ کسی بھی وقت پلان سے دستبردار ہو سکتے ہیں۔ دستبرداری کے وقت آپکو آپکے فنڈ کی مکمل کیش ویلیو ادا کی جائے گی۔ پالیسی کے ابتدائی سالوں میں دستبرداری کی صورت میں کیش ویلیو کم ہو سکتی ہے۔

## اس پلان میں دوسری کیا خصوصیات شامل ہیں؟

سیکیو سرمایہ پلان میں مفت لائف انشورنس کوریج کی خصوصیت شامل ہے۔

### مفت لائف انشورنس کوریج:

آپ کی سرمایہ کاری میں اضافے کے علاوہ سیکیور سرمایہ پلان میں فری لائف انشورنس پلان کی کوریج کی خصوصیت شامل ہے۔ اس پلان کے تحت بنیادی سم ایشورڈ، شروع کے انفرادی پریمیم کے 1.25 گنا زیادہ ہوگا۔

## یہ فوائد کس کو حاصل ہوں گے؟

پالیسی ہولڈر کے انتقال کر جانے کی صورت میں پلان کی جمع شدہ کیش ویلیو مع لاگو ڈیتھ بینیفٹ پالیسی ہولڈر کے نامزد کردہ فرد کو ادا کر دی جائے گی۔

## مندرجہ ذیل چارجز منصوبہ پر لاگو ہوں گے۔

| | |
|---|---|
| بڈ / آفر اسپریڈ | سنگل پریمیئم کا 5% |
| مینجمنٹ چارجز | فنڈ ویلیو کا 1.5% سالانہ |
| ایڈمنسٹریشن فیس | 90 روپے ماہانہ (کمپنی کی جانب سے نظر ثانی کے تحت) |
| فنڈ سوئچنگ / ری ڈائریکشن فیس | 500 روپے اگر سال میں چار سے زیادہ سوئچز / ری ڈائریکشن ہونے کی صورت میں |

* (تمام واجبات پر نظر ثانی کی جا سکتی ہے۔)

## مفت تجرباتی دورانیہ (Free-Look Period)

جوبلی لائف آپکو 14 دن کے مفت تجرباتی دورانیے کی سہولت پیش کرتی ہے جس کے دوران آپ اپنی پالیسی کی شرائط وضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں اور چاہیں تو پالیسی منسوخ بھی کر سکتے ہیں۔ پالیسی دستاویز کی وصولی کے 14 دن کے اندر آپ کی تحریری درخواست موصول ہونے کی صورت میں آپ کا پریمیئم واپس کر دیا جائے گا۔ جوبلی لائف اس سلسلے میں صارف کے طبی معائنے پر ہونے والے اخراجات کی کٹوتی کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

## مزید سوالات کے لئے میں کس سے رابطہ کروں؟

برائے مہربانی اپنے قریبی جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ کے دفتر رابطہ کریں۔

## انتباہ:۔

یہ کتابچہ ہے معاہدہ نہیں ہے۔ سیکیور سرمایہ پلان خریدنے سے پہلے پالیسی کی شرائط وضوابط کا معائنہ کریں۔ درج بالا فوائد پر شرائط وضوابط لاگو ہوں گے۔

- جوبلی لائف اپنے موجودہ فنڈ سے متعلق مستقبل کے لئے کوئی پیشن گوئی فراہم نہیں کرے گا، فنڈ سے متعلق کسی پیشن گوئی کا جوبلی لائف ذمہ دار نہیں ہوگا۔
- ذاتی فوائد کی مثال آپکو ہمارا سیلز کا نمائندہ فراہم کرے گا۔ برائے مہربانی دیئے گئے مفروضے کی شرائط وضوابط کا اچھی طرح مشاہدہ کرلیں۔
- شرائط وضوابط کے تفصیلی جائزے کے لیے پالیسی دستاویزات کا مطالعہ کریں۔
- سرمایہ کاری میں نقصان کے خدشات پالیسی ہولڈر کی جانب سے تصور کیے جائیں گے۔ تکمیل مدت کے وقت یا پالیسی ختم کرنے کے وقت اصل رقم بیان کردہ متوقع رقم کے مقابلے میں کم یا زیادہ ہوسکتی ہے۔
- ازراہ کرم بنیادی فنڈ کے ٹارگٹ ایسیٹ مکس کی معلومات کے لئے کمپنی کی ویب سائٹ رجوع کریں۔

http://jubileelife.com/investor-relations/investors-outlook/

JUBILEELIFE.COM


**Jubilee Life Insurance Company Limited**

74/1-A, Lalazar, M.T. Khan Road,
Karachi - 74000, Pakistan

Phone : (021) 35205095
Fax : (021) 35610959
UAN : (021) 111-111-554
SMS : "JUBILEELIFE" to 8398
Email : info@jubileelife.com,
complaints@jubileelife.com
Website : www.jubileelife.com